صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعة المبارک مورخہ 27 مارچ 2015ء
بمطابق 6 جمادی الثانی 1436 ہجری بعد از دوپہر تین بجکر پچاس منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ

یٰۤاَیُّہَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَلۡتَنۡظُرۡ نَفۡسٌ مَّا قَدَّمَتۡ لِغَدٍ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰہَ ؕ اِنَّ اللّٰہَ خَبِیۡرٌۢ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ O وَلَا تَکُوۡنُوۡا کَالَّذِیۡنَ نَسُوا اللّٰہَ فَاَنۡسٰہُمۡ اَنۡفُسَہُمۡ ؕ اُولٰٓئِکَ ہُمُ الۡفٰسِقُوۡنَ O لَا یَسۡتَوِیۡۤ اَصۡحٰبُ النَّارِ وَاَصۡحٰبُ الۡجَنَّۃِ ؕ اَصۡحٰبُ الۡجَنَّۃِ ہُمُ الۡفَآئِزُوۡنَ۔

(ترجمہ): اے ایمان والوں! خدا سے ڈرتے رہو اور ہر شخص کو دیکھنا چاہیئے کہ اس نے کل (یعنی فردائے قیامت) کے لئے کیا (سامان) بھیجا ہے اور (ہم پھر کہتے ہیں کہ) خدا سے ڈرتے رہو بے شک خدا تمہارے سب اعمال سے خبر دار ہے۔ اور ان لوگوں جیسے نہ ہونا جنہوں نے خدا کو بھلا دیا تو خدا نے انہیں ایسا کر دیا کہ خود اپنے تیئں بھول گئے۔ یہ بد کردار لوگ ہیں۔ اہل دوزخ اور اہل بہشت برابر نہیں۔ اہل بہشت تو کامیابی حاصل کرنے والے ہیں۔ وآخِرُ الدَّعوَانا اَنِ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ۔

نشاندار سوالات اوران کے جوابات

جناب سپیکر: کوئسچن نمبر 2244، محترمہ نجمہ شاہین۔

* 2244 _ محترمہ نجمہ شاہین: کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) آیا یہ درست ہے کہ کوہاٹ یونیورسٹی (KUST) میں گرین بیلٹ اور آبشاریں بنائیں گئی ہیں ;

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ان پر کل کتنا خرچہ آیا ہے، مکمل تفصیلات مہیا کی جائیں؟

جناب مشتاق احمد غنی (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): (الف) جی ہاں۔

(ب) کوہاٹ یونیورسٹی سے موصول شدہ جواب کے تحت مذکورہ یونیورسٹی میں سٹوڈنٹس کے بیٹھنے کے لئے چمن، پودوں کی کیاریاں، فٹ پاتھ اور باسکٹ بال کورٹ وغیرہ بنائے گئے ہیں۔ چمن میں گھاس اور پودوں کو پانی دینے کے لئے فوارے بھی لگائے گئے ہیں، سارے کام گورنمنٹ کے مروجہ قوانین کے تحت پایہ تکمیل تک پہنچائے گئے ہیں اور اس پر -/Rs.30,36,527 کے اخراجات آئے ہیں، اس میں کچھ کام گورنمنٹ کے منظور شدہ کنٹریکٹروں اور باقی کام کو یونیورسٹی کے مالیوں کے ذریعے سرانجام دیا گیا ہے، Spring killers کا کام بذریعہ ٹینڈر M/S Alpha Pipe Industries سے کرایا گیا۔

محترمہ نجمہ شاہین: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ میرا کوئسچن نمبر ہے 2244 اور اس میں جواب میں بتایا گیا ہے کہ سٹوڈنٹس کے بیٹھنے کیلئے چمن، پودے کیاریاں وغیرہ بنائے گئے ہیں، پھول اور پودے خوبصورتی میں اضافہ کرتے ہیں، ضروری ہیں لیکن اس کے لئے فنڈ موجود نہیں تھا اور یہ کام سپورٹس فنڈ سے کیا گیا ہے ۔ جناب سپیکر صاحب، 30/35 لاکھ روپے بغیر کسی ٹینڈر اور اشتہار کے وہاں پر لگائے گئے ہیں جناب سپیکر صاحب، اس کی جانچ پڑتال کی جائے اور جو فنڈ جس کے لئے مختص کیا جاتا ہے، اسی پر لگایا جائے۔

جناب سپیکر: مشتاق غنی صاحب۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: جناب سپیکر! اگر یونیورسٹی کو Decorate کیا گیا ہے اور پودے پھول کیاریاں یا اس طرح کی فیلڈز بنائی گئی ہیں تو میرے خیال میں یہ تو Appreciate کرنا چاہیے کہ اس سے ہی اداروں کی خوبصورتی ہوتی ہے اور یہی ماحول کو بہتر کرنے کی چیزیں ہیں۔ اب جیسے بلین سونامی ٹریز ہم نے شروع کئے ہیں تو اس لئے کہ Beautification آئے بھی اور آکسیجن اور ان سارے مسائل Environment، پر جو اثر ہوتا ہے اور اس پر وہ بتا رہے ہیں کہ 3036527 روپے انکے خرچ ہوئے ہیں

جس میں Fountains بھی ہیں، Sprinkles ہیں، فوارے بھی اور یہ چیزیں بھی انہوں نے یونیورسٹی کے اندر لگائی ہیں اور اس کو Properly گورنمنٹ کے کنٹریکٹرز کے ذریعے یونیورسٹی نے سرانجام دیا ہے۔ اب رہا سوال کہ سپورٹس فنڈ سے لگائے گئے ہیں یا تو یہ یونیورسٹی کی Discretion ہوتی ہے، سنڈیکٹ فیصلہ کرتی ہے کہ Some time ان کے پاس ایک مد میں فنڈ کم ہوتا ہے تو وہ کسی دوسری مد سے لگا کر اور جب فنڈ ان کے پاس آتا ہے تو اس کو پھر شفٹ کر دیتے ہیں، تو میرے خیال میں یہ کوئی ایسی بات نہیں ہے، پھر بھی اگر ممبر صاحبہ کے کوئی اس پر مزید Reservations ہیں تو بیٹھ جاتے ہیں اور مجھے بتادیں اور میں انکے سامنے یونیورسٹی Call کر لیتا ہوں، کوئی ایشو ہے اگر ایسا جو کہ قابل اعتراض ہے۔

جناب سپیکر: جی میڈم۔

محترمہ نجمہ شاہین: میں منسٹر صاحب کے ساتھ بیٹھ کر بات کر لونگی اس معاملے میں۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے۔ کوسچین نمبر 2245۔

* 2245 _ محترمہ نجمہ شاہین: کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ کوہاٹ یونیورسٹی میں مختلف کیڈر کے ملازمین کو بھرتی کیا گیا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 2010 سے 2014 تک بھرتی ہونے والے افراد کی مکمل لسٹ بمعہ اخباری اشتہارات اور مروجہ قانون کی تفصیلات فراہم کی جائے؟

جناب مشتاق احمد غنی (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: (الف) جی ہاں۔

(ب) سال 2010 سے 2014 تک مختلف کیڈر میں بھرتی ہونے والے افراد کی مکمل فہرست، اخباری اشتہارات کی تفصیل (ایوان کو فراہم کی گئی)۔ یونیورسٹیز ایکٹ کے مطابق BPS-1 سے BPS-16 تک بھرتیاں وائس چانسلر سلیکشن کمیٹی کی سفارش پر کرتا ہے جبکہ BPS-17 اور اس سے اوپر کی آسامیوں پر بھرتیاں یونیورسٹیز سینڈیکیٹ سلیکشن بورڈ کی سفارش پر کی جاتی ہیں۔

محترمہ نجمہ شاہین: شکریہ سپیکر صاحب۔ 2245، یہاں پر جو تفصیل بتائی گئی ہے، باقی تو اس میں ساری ڈیٹیل بتا دی گئی ہے لیکن یہاں پر صرف کلاس فور کی جو بھرتیاں کی گئی ہیں 2010 سے لیکر 2014 تک، تو وہ جو ہیں، اس میں اگر سو بھرتیاں بھی ہیں تو اسمیں دس افراد بھی لوکل نہیں ہیں، وہ لوکل کوہاٹ کے نہیں ہیں۔ جو کلاس فور کی بھرتیاں کی گئی ہیں، اس میں اگر سو میں سے لے لیں تو دس افراد بھی وہاں کے نہیں

ہیں، یہ جناب سپیکر صاحب! آپ کو اس بات کا بھی علم ہے کہ علاقے کے لوکل لوگوں کا حق ہے وہاں پر کلاس فور کی بھرتیوں کے لئے، وہاں جو بھی وی سی آتا ہے اپنی مرضی سے اپنے علاقے کے لوگوں کو وہاں پر تعینات کر دیتا ہے تو اس معاملے میں میں آپ سے۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی مشتاق غنی صاحب۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: جناب سپیکر! میں اس بات پر آنریبل ممبر سے اتفاق کرتا ہوں کہ یہ Almost تمام یونیورسٹیز کے اوپر یہ اعتراضات ہیں اور یہ ہوا بھی ہے اور اسمیں مصیبت یہ ہے کہ ایکٹ کے اندر جو یونیورسٹیز کا ایکٹ ہے، اس میں کوئی ایسی چیز نہیں ہے جو اس کو اس چیز سے Stop کر سکے، کسی Specific area سے لیں تو ان کے سامنے پورا صوبہ ہوتا ہے اور ہوتا یہ ہے کہ جہاں کا وائس چانسلر بھی لگتا ہے، وہ اپنے ہی ضلع سے لوگوں کو، We have lot of examples، اب بھی اس وقت جو لوگ بیٹھے ہوئے ہیں، انہوں نے بھی ایسا ہی کیا ہے کہ اپنے ڈسٹرکٹس سے جا کر اور دوسری جگہ پر انہوں نے کلاس فور اور Even امام مسجد تک اور اس طرح کے پوسٹیں Fill up کی ہیں۔ میں یہ ریکویسٹ کرتا ہوں اس ہاؤس سے، جو ایکٹ ہمارا پاس ہونا ہے اس میں ہم اس کو ڈال لیتے ہیں، وہ بھی ہم نے اس میں ہم کئی چیزیں ڈالی ہیں اور یہ بھی میرے خیال میں اگر ہم شامل کر دیں کہ One to fifteen جو پوسٹس ہیں، Grade one to fifteen وہ اسی یونیورسٹی کے Jurisdiction میں سے لئے جائیں تو پھر یہ Bound ہو جائینگے By law اور تب اس کا تدارک ہو سکے گا ورنہ ایسا Otherwise نہیں ہوتا۔ وہ چونکہ اس کے اندر یہ کورٹ میں بھی کیس کیا اور وہ لوگ ہار گئے کیونکہ ایکٹ کے اندر کوئی ایسی پروویژن نہیں جو وی سی کو سٹاپ کر سکے کہ آپ Other than وہ ڈسٹرکٹ جس میں یونیورسٹی ہے، آپ کوئی اپوائنٹمنٹ نہیں کر سکتے، So only we can do that in this Act، اس میں ہم اس کو Incorporate کر سکتے ہیں۔

جناب سپیکر: جی میڈم۔

محترمہ نجمہ شاہین: علاقے کے عوام جو ہیں تو بہت سے اعتراضات ہیں اس بات پر فی الفور تو اسے کمیٹی کے حوالے کر دیا جائے کہ اس پر مطلب کوئی سرچ کر سکیں اور کچھ لوگوں کو تو وہاں پر تعینات کیا جا سکے۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب نے تو آپ کے موقف کی حمایت کی ہے اور وہ کہتا ہے کہ ہم باقاعدہ قانون کی شکل میں دینا چاہتے ہیں تو میرے خیال میں۔۔۔۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، میں صرف انکی اطلاع کے لئے عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ جب کسی کو آپ Appoint کر لیتے ہیں تو اس کو ہٹانا، نکالنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ میں آپ کو مثال دو نگا ہزارہ یونیورسٹی کی، وہاں وی سی تھا From Charsadda اور وہاں دو ڈھائی تین سو سے زائد پوسٹیں ادھر کے لوگوں سے انہوں نے اسی کیڈر کی Fill کر دیں، وہاں سے لوگ چلے گئے مانسہرہ سے کورٹ میں، لیکن کورٹ میں وہ لوگ ہار گئے کیونکہ وی سی کے پاس یہ اختیار تھا کہ وہ پورے صوبے سے کہیں سے بھی لے سکتا ہے، سو اس میں ہمیں پڑ کے سوائے وقت ضائع کرنے کے ہم کچھ حاصل نہیں کر سکیں گے اور بجائے اس کے یہ جو نیا ایکٹ آپ پاس کرنے جا رہے ہیں، اس کے اندر ہم اس کو شامل کر لیتے ہیں۔

محترمہ نجمہ شاہین: جی ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر: Next، اعظم درانی، کوئسچن نمبر 2297، Lapsed۔ کوئسچن نمبر 2339 جناب عبدالکریم صاحب۔

* 2239 _ جناب عبدالکریم: کیا وزیر خوراک ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 14-2013 اور 15-2014 میں ضلع صوابی میں محکمہ میں بھرتیاں کی گئی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو بھرتی شدہ افراد کے نام، ولدیت، سکیل، گاؤں، تحصیل و حلقہ کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب مشتاق احمد غنی (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): (الف) ضلع صوابی میں 14-2013 میں صرف دو کلاس فور چوکیدار بھرتی کئے گئے ہیں جبکہ 15-2014 میں تاحال کوئی بھرتی نہیں کی گئی۔

(ب) (2) بھرتی شدہ افراد کے نام، ولدیت، سکیل، گاؤں، تحصیل و حلقہ کی تفصیل درجہ ذیل ہے:

نمبر شمار	نام	ولدیت	سکیل	گاؤں	تحصیل	حلقہ
1	محمد زاہد	نعمت گر	1	سوڈھیر محلہ گوجران	چھوٹا لاہور	پی کے 33
2	راویل خان	حیات خان	1	محلہ معظم خیل	صوابی	پی کے 31

جناب عبدالکریم: شکریه جناب سپیکر صاحب۔ زه جي بالکل سوال نه مطمئن يمه او دي سره د منسټر صاحب شکريه هم ادا کوم چي دا سوال ما اوکړو نو دوئ

پکښې Personal interest واخستو، د کار سپیډ ئې سیوا کړو، د هغې د ننه او بهر داسې کار رونه وو چې هغه ډیر زیات نامکمله وو، ډیر وخت داسې ولاړ وو نو په هغې باندې زه د منسټر صاحب شکریه هم ادا کوم، زه مطمئن یم جی۔

جناب سپیکر: کوئسچن نمبر2256، نوابزادہ ولی محمد خان، Lapsed۔ کوئسچن نمبر2257، سید جعفر شاہ صاحب۔

* 2257 _ جناب جعفر شاہ: کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ارشادفرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ کالام میں موضع گورکین میں سکول کچھ عرصہ پہلے برفباری/سلائڈنگ کی وجہ سے مکمل تباہ ہوچکا ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ بچے کھلے میدان میں کلاسیں لینے پر مجبور ہیں اور بارش/برفباری کیوجہ سے سکول بعض اوقات بند رہتا ہے؛

(ج) اگر(الف)و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ سکول کی عمارت کب تعمیر ہوگی، نیز عمارت کی تعمیر تک بچوں کے لئے کیا متبادل انتظام کیا گیا ہے، اگر نہیں تو وجوہات بتائی جائیں؟

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی نہیں۔

(ب) جی نہیں، یہ بھی درست نہیں۔

(ج) گورنمنٹ پرائمری سکول گورکین کے طلباء اسی سکول میں تعلیم حاصل کررہے ہیں۔

جناب جعفر شاہ: تھینک یو، جناب سپیکر۔ دیکښې جی یوه غلطی شوې ده، زما دا کوئسچن هم چې د کوم کلی نوم لیکلے دے نو هغه ډیپارټمنټ صحیح دے، دغه کلے نه دے "اوشو" دے، نو زما به ډیپارټمنټ ته دا ریکویسټ وی چې دا "اوشو"ځان سره نوټ کړئ، "اوشو" او دا سکول ئې، "اوشو" سکول ئې اوړے دے سیلاب چې د دې څه غم اوکړی۔

جناب سپیکر: جی عاطف خان!

جناب جعفر شاہ: سلائیډنگ پرې شوے دے جی، "اوشو"۔

وزیر تعلیم برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: جی دوئ دا وائی چې دا سکول اوبو اوړے یا بهرحال دغه کښې نشته خو ما نن هم ډی ای او نه تپوس اوکړو، هغوی وائی چې

يره دا شته، فنکشنل دے نو اوس په دي پته باندي لکه داسي ما هم دغه تپوس اوکړو چي يره د هغه حلقي نمائنده دے ، هغه وائی چي يره دا سکول نشته نو دا خو بيا عجيبه غوندي دغه دے خو بهرحال هغوی وائی چي دا فنکشنل دے نو که تاسو وايئ زه به ډی ای او ته اووايم، تاسو سره به لاړ شی، هلته به اوګوری چي يره څه مسئله ده؟ چي څه مسئله وی، هغه به په موقع باندي حل کړی۔

جناب سپیکر: جعفر شاہ صاحب!

جناب جعفر شاہ: بالکل جی، دا Actually د دي سکول نوم دا په دي ګورکين کلی کښي دے خو د سکول نوم "اوشو" دے۔

وزیر تعلیم برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: ښه جی۔

جناب جعفر شاہ: نو په دي وجه باندي ډيپارټمنټ، هغوی هم صحيح ليکلي دی چي ګورکين په نوم باندي نه دے ، د "اوشو" په نوم دے خو ګورکين کښي دے۔

وزیر تعلیم برائے ابتدائی وثانوی: او کنه ځکه چي د ده نوم ليکلے شوے دے۔

جناب جعفر شاہ: د "اوشو" په نوم دي په ګورکين کښي دے۔

وزیر تعلیم برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: جی؟

جناب جعفر شاہ: د سکول نوم "اوشو" دے ، پرائمری سکول اوشو۔

وزیر تعلیم برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: ښه۔

جناب جعفر شاہ: نو هغه دلته ما چونکه ګورکين ليکلے وو، هغه د ګورکين په کلی کښي دے نو په دي وجه باندي هغوی دا جواب ورکړے دے۔

وزیر تعلیم برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: ښه ښه،۔ نو بس د نوم غلطی ده۔

جناب جعفر شاہ: اؤ۔

وزیر تعلیم برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: خير دے که دغه وی هغه به اوکړو خو بهرحال دوئ چي کوم نوم ياد کړے دے نو ډيپارټمنټ نن پخپله هلته ناست وو۔

جناب جعفر شاہ: او په دغه نوم باندي، دا هغوی صحيح دی۔

وزیر تعلیم برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: ښه۔

جناب جعفر شاہ: خو دا د "اوشو" سکول دے، که ډیپارټمنټ ئے نوټ کړی او او ئي ګوری نو ښه به وی۔

جناب سپیکر: جی

وزیر تعلیم برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: ٹھیک دہ، صحیح دہ او به ئي ګورو۔

سید جعفر شاہ: مهربانی۔

جناب سپیکر: کوئسچن نمبر 2261، سلیم خان صاحب، سلیم خان صاحب۔

نوابزادہ ولی محمد خان: زہ اوس راغلم، زما کوئسچن پاتي دے سر۔

جناب سپیکر: نہیں، اب وہ رہ گیا، ختم، سلیم خان صاحب، کوئسچن نمبر 2261

2261 _ جناب سلیم خان کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) پورے صوبے میں کتنے کالجز موجود ہی، تفصیل فراہم کی جائے؛

(ب) حلقے کے اندر نیا کالج بنانے کے لئے کیا طریقہ کار ہوتا ہے؛

(ج) آیا حکومت ضرورت کے مطابق ضلع چترال میں نئے کالج بنانے کا کوئی ارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب مشتاق احمد غنی (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): (الف) پورے صوبے میں مردانہ وزنانہ کالجز کی تعداد 185 ہے۔

(ب) حلقے کے اندر نیا کالج بنانے کے لئے محکمہ اعلیٰ تعلیم نے حال ہی میں ایک طریقہ کار وضع کیا ہے۔ (تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی ہے)

(ج) ضلع چترال میں تحصیل دروش میں ایک گرلز کالج زیر تعمیر ہے جبکہ حکومت حسب ضرورت نئے کالج کی تعمیر پر غور کر سکتی ہے۔

جناب سپیکر: Lapsed۔ کوئسچن نمبر 2286، میڈم ثوبیہ شاہد، Lapsed۔ کوئسچن نمبر 2305 سلطان محمد خان، Lapsed دے، کوئسچن نمبر 2316، راشدہ رفعت۔

* 2316 _ محترمہ راشدہ رفعت: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع نوشہرہ کے تمام گرلز، مڈل، ہائی اور ہائر سیکنڈری سکولوں میں اے ٹی اور ٹی ٹی کی تمام آسامیاں پر ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکولوں میں 33 فیصد کوٹہ کے حساب سے اے ٹی اور ٹی ٹی کو گریڈ 16 دیا گیا ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ سکولوں میں سٹاف کی کمی یا آسامیاں خالی ہونے کی وجوہات بتائی جائیں؛

(ii) جن اے ٹی اور ٹی ٹی اساتذہ کو 30 فیصد کوٹہ کے حساب سے گریڈ 16 دیا گیا ہے، انکی سنیارٹی لسٹ فراہم کی جائے؟

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ج): (i) تمام آسامیاں Initial Recruitment کوٹے کی این ٹی ایس کے ذریعے پر کی جارہی ہیں۔

(ii) (سینارٹی لسٹ ایوان کو فراہم کی گئی)

جناب سپیکر: نہیں ہے؟ جی جی، میڈم!

محترمہ راشدہ رفعت: کونسا نمبر ہے؟ سپیکر صاحب! کونسا نمبر ہے؟

جناب سپیکر: کوئسچن نمبر 2316۔

محترمہ راشدہ رفعت: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم صاحب سے پوچھا گیا ہے کہ ضلع نوشہرہ کے تمام گرلز، مڈل، ہائی اور ہائر سیکنڈری سکولوں میں اے ٹی اور ٹی ٹی کی تمام آسامیاں پر ہیں؟ یہ انہوں نے کہا تھا کہ ہاں پر ہیں اور 33 فیصد کوٹہ کے حساب سے، یہ بھی انہوں نے کہا ہے، ٹھیک ہے تمام آسامیاں این ٹی ایس کے ذریعے پر کی جارہی ہیں۔ اس میں بہت سی شکایات ہیں، جناب سپیکر! لوگوں کو بڑی شکایات ہیں، ہمارے پاس جو بھی لیکر آتے ہیں شکایت، ہم انہیں کہتے ہیں کہ یہ سب ٹیسٹ پر اور میرٹ پر بھرتیاں ہورہی ہیں، اس کے علاوہ نہیں ہورہی لیکن ان کا اطمینان نہیں ہوتا۔ ابھی تھوڑے دن پہلے میں نے منسٹر صاحب کو ان کی شکایت بھی کی تھی کہ اس کا پانچواں نمبر ہے لیکن بہت بعد میں جب وہ میرٹ پر آگئی، پھر اس کو انٹرویو والے دن کہا کہ نہیں آپ کی اس میں بی ایس سی نہیں ہے تو اس وجہ سے آپ کو نہیں

لے سکتے، یا آپ کا انگلش نہیں ہے تو اس لئے آپ کو نہیں لے سکتے۔ ایک تو وہاں بہت سی جگہیں خالی بھی ہیں اور دوسری بات یہ ہے کہ عین وقت پر ان کو کہا جاتا ہے کہ آپ Legible نہیں ہیں، بس اب آپ نہیں ہو سکتے۔

جناب سپیکر: عاطف خان!

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: بھرتی کے حوالے سے میں تھوڑی سی ڈیٹیل اسمبلی کو اسلئے بتانا چاہوں گا، جتنی پوسٹس خالی تھیں، اس میں جو Already ریکروٹمنٹ ہوگئی ہے تقریباً کوئی ساڑھے گیارہ ہزار اس وقت ریکروٹمنٹ ہوگئی ہے، ساڑھے گیارہ ہزار۔۔۔۔

جناب سپیکر: اچھا۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: 8090 پہلے ہوئی تھیں، پھر دوسرے فیز میں ہوئی ہیں۔ بارہ سو صرف ایسی ہیں کہ جن پہ کورٹ کا Stay order ہے، کسی نے کیسز کئے ہوئے ہیں تو بارہ سو ایسی پوسٹس ہیں کہ جو فی الحال ہم نے انٹرویوز کئے ہوئے ہیں، سب کچھ کیا ہوا ہے لیکن فی الحال ہم اس کو Appoint نہیں کر سکتے کیونکہ یہ کورٹ کی طرف سے Stay order ہے اور تقریباً کوئی ساڑھے گیارہ ہزار ہو گئی ہیں ابھی تک، تو محترمہ جو فرما رہی ہیں، اگر کوئی Specific case ہو تو اس کو بتا دیں، بالکل اس پر انکوائری کر لیں گے، کسی کے ساتھ زیادتی نہیں ہونے دیں گے لیکن اتنا میں کم از کم ہاؤس کو Ensure کراتا ہوں اور میرے خیال میں ساروں کو یہ احساس بھی ہوگا کہ اگر کسی ڈیپارٹمنٹ میں ایک سال کے اندر اندر ساڑھے گیارہ ہزار بھرتیاں ہوتی ہیں اور اس پہ As such ایک ڈیپارٹمنٹ میں آپ نے دیکھا کہ کچھ سو بھرتیاں ہوئی تھیں اور اس میں لوگوں کے مسئلے، تو پورا ایک ہنگامہ بن گیا تھا لیکن اگر اتنی زیادہ تعداد میں ہوئی ہیں تو اس کا مطلب ہے کہ الحمد للہ یہ ٹھیک طریقے سے ہو رہی ہیں، اگر Specific کہیں پہ Exceptional cases ہیں، ایک جگہ پہ ہمیں شکایت آئی تھی تو وہاں پہ ہم نے DEO کو Even suspend بھی کیا ہے، Terminate بھی کیا ہے اور اگر ان کی Specific کوئی شکایت ہے تو یہ مجھے بتا دیں لیکن Overall آپ نے بھی سنا ہوگا کہ Overall ویسے ٹھیک طریقے سے ہوا ہے۔۔۔۔

جناب سپیکر: بالکل۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: وہ بھی کوئی زیادہ شکایت ہمیں کہیں سے نہیں ملی، اگر Specific۔۔۔

جناب سپیکر: میڈم! آپ منسٹر صاحب کے ساتھ دیکھ لیں، جو بھی آپ کو ہے تو یہ آپ کو مطمئن کرے گا اور کنسرنڈ ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ بات بھی کر لے گا، تو بہتر ہے کہ آپ ان کے، ان کے ڈیپارٹمنٹ کے ہیڈز آئے ہوئے ہیں تو بریک میں آپ ان کو ان کے ساتھ ملا دیں۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: اس میں جی میں صرف ایک وضاحت کرنا چاہوں گا کہ کچھ لوگ آتے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ جی ہمارے این ٹی ایس میں اتنے مارکس ہیں تو این ٹی ایس میں تو ان کے مارکس زیادہ ہوتے ہیں لیکن ہوتا طریقہ اس کا یہ ہے کہ اس کا پرانا اکیڈیمک ریکارڈ میٹرک کا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: عاطف خان! یہ اچھی بات ہے کہ آپ باقاعدہ فارمولا بتائیں کہ وہ کیا فارمولا آپ کرتے ہیں؟

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: یہ ہوتا اس طرح ہے کہ پرانا اکیڈیمک ریکارڈ میٹرک کے مارکس، پھر اس پہ ایف ایس سی کے، پھر بی اے کے بی ایس سی کے، ماسٹرز کے، پھر آگے کے وہ ٹوٹل کیا جاتا ہے اور دوسری طرف پہ این ٹی ایس کے مارکس ہوتے ہیں، ان دونوں کو ملا کے جو Aggregate بنتا ہے، اس کو Clear cut ویب سائٹ پہ ڈال دیا جاتا ہے، تو اب کسی کے ہو سکتا ہے این ٹی ایس کے مارکس زیادہ ہوں، میرے اور ایک دوسرے بندے کے لیکن اگر اس کے پرانے اکیڈیمک ریکارڈ میں میٹرک میں، ایف ایس سی میں، بی اے میں اس کے مجھ سے مارکس زیادہ ہیں تو اس کو Weightage دی جاتی ہے تو صرف این ٹی ایس پہ Depend نہیں ہوتا، دونوں کو ملا کے جو Total aggregate بنتا ہے تو اس پہ یہ Finally فیصلہ ہوتا ہے۔ شکریہ جی۔

جناب سپیکر: جی میڈم!

محترمہ راشدہ رفعت: جناب سپیکر! میں نے منسٹر صاحب سے خود بھی بات کی تھی، اسی لئے تو بہت سے لوگ شکایت کرنے آتے ہیں، شکایت کے جواب میں میں نے صرف یہ سوال Put کرا دیا تھا، اس لئے کہ ہمارے پاس جو آتے ہیں، ہم کہتے ہیں نہیں اس محکمے میں ایسا نہیں ہو رہا اور اس میں بہت ایمانداری کے ساتھ این ٹی ایس کا جو ٹیسٹ ہے اس کے اوپر سارے کام ہو رہے ہیں لیکن وہ جو میرے پاس لے کر آتے ہیں ناں بار بار، وہ بار بار جو لے کر آتے ہیں، اس کے جواب میں میں نے یہ کرایا تھا اور پھر ایک جو شکایت باقاعدہ آئی، ان سے میں نے یہ ڈسکس بھی کی، ابھی یہ اس سے پہلے جو منگل والا دن تھا، اس دن میں نے ان کو وہ دکھایا کہ

وہ پانچویں نمبر پر ہے اور عین انٹرویو والے دن ان کو کہا ہے کہ نہیں آپ جا سکتی ہیں، بس آپ اہل نہیں ہیں، تو بہر حال پھر، اگر اس میں کوئی کمی ہے تو انٹرویو نہ لیا جائے، اس کا ٹیسٹ ہی نہ لیا جائے، اس کے اوپر بڑی محنت بھی ہوتی ہے، بڑے اخراجات بھی آتے ہیں اور جب یہ تمام مراحل سے گزر جاتی ہے تو عین وقت پر اس کو کہا جاتا ہے، یہ ٹھیک بات نہیں ہے۔

Mr. Speaker: Thank you, thank you, thank you, thank you. Next, 2366, Karim Khan Sahib.

* 2366 _ جناب عبدالکریم: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 14-2013 اور سال 15-2014 میں تمام سکولوں کو Need Basis پر نئے کمرے تعمیر کے لئے دیئے گئے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو جن سکولوں کو نئے کمرے دیئے گئے ہیں، انکی تفصیل حلقہ وائز اور ضلع وائز فراہم کی جائے؟

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں۔

(ب) سال 14-2013 میں سکولوں کو اضافی 500 کمرے اور 15-2014 میں 233 کمرے پی ٹی سی کے ذریعے تعمیر کے لئے دیئے گئے تھے جن کی حلقہ وائز اور ضلع وائز تفصیل لف ہے۔ (تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی ہے)۔

جناب عبدالکریم: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب! سوال 2366 جز (ب)۔ جواب خو ماله راکړے شوے دے خو زما یو ریکویسټ وو منسټر صاحب ته چي زما په حلقه کښي داسي Need basis باندي ضرورت دے، د کمرو پیسي راکړي شوي دی نو په دي مو مهربانی ده خو ریکویسټ مي دا دے چي زه به Application ورکوم چي مهربانی د اوکړی، ماسره دیکښي لا بیلنس شته نه چي څه مهربانی راسره اوکړی۔

جناب سپیکر: جی عاطف خان!

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: مونږه چي څه، هغه تقریباً شوے به وی خو بهرحال زه به اوګورم چي څه ګنجائش وی، بالکل دوئ ته چي څه کیږی، بنه خبره ده که څه وی، هغه به ورسره اوکړو۔

جناب سپیکر: څه بنه ده عاطف خان چشمے خود واچولي، هں۔ (قہقہے)

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: نظر مو خراب شو، پته نشته نور به را سره څه کيږی ؟

جناب سپیکر: اچھا جی، جی۔

جناب سلطان محمد خان: جناب سپیکر صاحب! یہ میرا سوال 2305 ہے۔

جناب سپیکر: وہ تو Lapse ہو چکا ہے جی۔

جناب سلطان محمد خان: سر! اگر ایک منٹ۔

غیر نشاندار سوالات اور انکے جوابات

2297 _ جناب اعظم خان درانی: کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ کالجوں میں دفتری امور مثلاً اکاونٹس، بجٹ اور آڈٹ وغیرہ کیلئے سپرنٹنڈنٹ اور اسسٹنٹ کی آسامیاں نہایت ضروری ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ 183 میں سے صرف 34 کالجوں میں سپرنٹنڈنٹ کی آسامیاں ہیں؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ گزشتہ دس سالوں سے 24 کالجوں کو اسسٹنٹ کی آسامیاں نہیں دی گئی؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت تمام کالجوں میں سپرنٹنڈنٹ اور اسسٹنٹ کی آسامیاں دینے کے لئے کیا اقدامات کر رہی ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب مشتاق احمد غنی (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) جی ہاں۔

(د) محکمہ اعلیٰ تعلیم نے کالجوں کے لئے 21 سپرنٹنڈنٹ اور 24 اسسٹنٹ کی آسامیاں تشکیل دینے کیلئے محکمہ خزانہ کو مراسلہ بھیجا ہے۔

2256 _ نواب زادہ ولی محمد خان: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ گزشتہ دور حکومت میں گورنمنٹ گرلز ہائی سکول ٹکری ضلع بٹگرام کو ہائر سیکنڈری سکول کا درجہ دیا گیا تھا؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ہائر سیکنڈری سکول کی بلڈنگ مذکورہ سکول کے ساتھ بنائی گئی ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ سکول کے لئے کتنی زمین کس خسرہ نمبر سے لی گئی، نیز مذکورہ سکول کی اپ گریڈیشن کے لئے کتنا فنڈ مختص کیا گیا، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں۔

(ب) ہائیر سیکنڈری سکول کی بلڈنگ مذکورہ سکول سے تقریباً 500 میٹر کے فاصلے پر ہے۔

(ج) پانچ کنال زمین کا انتقال خسرہ نمبر 979 میں کیا گیا ہے، مذکورہ سکول کی اپ گریڈیشن کے لئے تقریباً 1.866 کروڑ روپے کا فنڈ مختص کیا گیا ہے۔

2286 _ محترمہ ثوبیہ شاہد: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ہری پور میں پرائمری، مڈل، ہائی سکولز (مردانہ/زنانہ موجود ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکولوں میں سے کچھ سکولوں میں بنیادی ضروریات (پینے کا صاف پانی، فرنیچر، لیٹرین) کا فقدان ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت نے مذکورہ بنیادی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے اب تک کیا اقدامات کئے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے، نیز ضلع ہری پور کی تحصیل غازی میں موجود پرائمری، مڈل اور ہائی سکولز کی لسٹ بھی فراہم کی جائے؟

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) تحصیل غازی میں کل سکولز (زنانہ/مردانہ) کی تعداد 276 ہے۔

(1) گورنمنٹ پرائمری سکولز (زنانہ/مردانہ)	135
(2) گورنمنٹ مڈل سکولز (زنانہ/مردانہ)	125
(3) گورنمنٹ ہائی سکولز (زنانہ/مردانہ)	14
(4) گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکولز (زنانہ/مردانہ)	02
ٹوٹل:	276

ان تمام سکولوں میں فرنیچر موجود ہے۔تاہم جن سکولوں میں بنیادی ضروریات (پینے کا صاف پانی، فرنیچر، لیٹرین) کی کمی بیشی ہے، وہ سالانہ بجٹ 15-2014 کے مطابق پوری کی جارہی ہے۔ان تمام سکولوں میں سٹاف بھی موجود ہے۔

2305_ Mr. Sultan Muhammad Khan: Will the Minister for Elementary & Secondary Education be pleased to state that:
(a) Is that true that there is shortage of school teachers in various areas of the Province;
(b) If yes, then (i) what is the district wise shortage of the teachers, please provide detail;
(ii) What steps have been taken by Provincial Government to address such shortage of the teachers;
Mr. Muhammad Atif (Minister for Elementry & Secondry Education): (a) Yes.
(b) (i) Details are given bellow in the table.
(ii) The District Cadre Posts have been filled and the SST Posts are under process and will be filled in near future.

S.No	District	M/F	S.No	District	M/F
1	Abbott Abad	113	14	Mardan	102
2	Haripur	130	15	Nowshera	60
3	Mansehra	54	16	Swabi	68
4	Battagram	71	17	Charsadda	20
5	Tor Gher	03	18	Peshawar	57
6	Kohistan	25	19	Kohat	57
7	Shangla	34	20	Karak	45
8	Swat	25	21	Bannu	29
9	Buner	81	22	Lakki	09
10	Malakand	33	23	Hangu	03
11	Dir(L)	69	24	Tank	18
12	Dir(U)	30	25	D.I.Khan	00
13	Chitral	88			
	Total	756			468 Gd:Total 756+468=1224

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: آپ ٹائم پر آئیں، ہم نے ویسے ہی لیٹ شروع کیا ہے اور آپ ماشاءاللہ کافی لیٹ آئے ہیں۔ یہ چھٹی کی درخواستیں ہیں، (سلطان محمد خان سے) وہ آپ کو میں پھر Next وقت پر کوئی، جناب شکیل احمد صاحب، ایڈوائزر 27-03-2015، میڈم نادیہ شیر صاحبہ، ایم پی اے 27-03-2015، جناب وجیہہ الزمان صاحب، ایم پی 24-03-2015 تا 27-03-2015، جناب حاجی عبدالحق صاحب، ایڈوائزر 27-03-2015، جناب فضل حکیم صاحب، ایم پی اے 27-03-2015، جناب افتخار مشوانی صاحب، ایم پی اے 27-03-2015، جناب محمد زاہد درانی، ایم پی اے 27-03-2015، جناب عبدالمنعم خان، سپیشل اسسٹنٹ 27-03-2015، میڈم نسیم حیات صاحبہ، ایم پی اے 27-03-2015، جناب جمشید خان، ایم پی اے 27-03-2015، جناب سردار ظہور احمد 27-03-2015، جناب اعظم درانی 27-03-2015، جناب ملک بہرام خان، ایم پی اے 27-03-2015۔ منظور ہیں جی؟

(تحریک منظور کی گئی)

Mr. Speaker: The leave is granted.

اراکین: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: یو منٹ، یہ روٹین بزنس چلاتے ہیں، اس کے بعد آپ کو موقع دیتے ہیں جی۔

مسئلہ استحقاق

Mr. Speaker: Mufti Said Janan, to please move his privilege motion No. 59, in the House.

مفتی سید جانان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب! عرض ہے کہ میرا توجہ دلاؤ نوٹس 548 بابت فنڈ گیس رائلٹی اور سپیشل پیکج کے حوالے سے دوران اجلاس 07-02-2015 کو وزیر خزانہ صاحب نے یقین دہانی کرائی کہ متعلقہ ڈی سی او کو ایک ہفتے کے اندر اندر فنڈ جاری اور صرف کرنے کے احکامات صادر فرمائیں گے مگر متعلقہ ڈی سی نے تمام احکامات کو نظر انداز کر کے معاملے پر کوئی عمل درآمد نہیں کیا، جس سے میرا اور وزیر خزانہ بلکہ تمام ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے، لہذا اس کو استحقاق کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔

جناب سپیکر صاحب! پښتانه وائی چې هغه خله ماته شه چې وائی او خبره ئې نه لړیږی، د زمونږ بذات خود هم هغه شان مثال دے جناب سپیکر

صاحب! خو زه به د دغه ایوان مخکښي جناب سپیکر صاحب! دا خبره اوکړم چي مونږ دلته ټول سیاسی خلق ناست یو او دا بارئ او دا وختونه بدلیږی، خلق وائی چي کله د ابا وار او کله د بي بي وار، مخکښي دا وختونه تیر شوی دی چي چا کوم ظلمونه کړی دی، هغه که دنیا کښي هغوی ته سزا نه ده ملاؤ خو هغه د دغي دنیا ریکارډ باندي موجود دے، د اسمبلئ ریکارډ باندي موجود دی۔ جناب سپیکر صاحب! زه په دي منطق او دغه فلسفي باندي نه پوهیږم چي زه حکومت نه زیاتی فنډ نه غواړم، زه خپلي حلقي زمونږ خپلي ویني زوي دی، زه هغه حکومت نه غواړم او زه تقریباً دغي اسمبلئ فلور باندي به ما کم از کم لسو څلو نه به زیاته دا خبره ما کړی وی او دغي صوبي کښي به داسي وزیر او مشیر نه وی پاتي چي هغه ته ما دا فریاد نه وی وړے۔ بیا جناب سپیکر صاحب! بامر مجبوری دلته بهر دا ټول اپوزیشن ملګری مونږ سره وو، هلته مونږ اسمبلی اولګوله، عنایت الله صاحب، شاه فرمان صاحب، دوئ راغلل مونږ ته ئے یقین دهانی اوکړله چي مفتی صاحب څه خبره وی، مطلب دے مونږ به تاسو سره کښینو او مونږ ته ئے یقین دهانی راکړله۔ بیا جناب سپیکر صاحب! په هغي باندي حکومت هیڅ عمل درآمد اونکړلو، بیا په دغه تاریخ باندي لکه دا اوس مو کوم اووئیل دلته زما توجه دلاؤ نوټس کال اټینشن راغللو، بیا جناب سپیکر صاحب! مظفر سید صاحب باندي د آفرین وی، هغوی علی الاعلان ماته اووئیل چي دا ستا حق دے او زه ډی سی ته متعلقه ډی سی ته دا احکامات جاری کوم چي یوي هفتي کښي د دا فنډ اولګوی، لګول د شروع کړلی شی خو جناب سپیکر صاحب! ستره تاریخ نه یو ستره تاریخ هم تیر شو او بل ستره تاریخ هم تقریباً مطلب دے چي نیزدے دے، په تیریدو باندي دے زه خو جناب سپیکر صاحب! دي ته حیران یم چي اسمبلئ کښي یو منسټر یقین دهانی اوکړی، هغه به څنګه د بیوروکریسی افسر وی چي هغه خبري ته به د سره توجه نه ورکوی، نه به د هغي خبري جواب کوی او نه به مطلب دے دا تاسو ته ښه وائی او نه به تاسو ته بد وائی؟ جناب سپیکر صاحب! زه تاسو ته دا درخواست کوم، زړه نه دا درخواست کوم چي زما دا تحریک استحقاق کمیټئ ته هم لاړ شی او جناب سپیکر صاحب! زما د یو الله په ذات باندي قسم وی که زما د دغه خبرو غور اونه غوښتلے شو جناب سپیکر صاحب! زه به دلته بهر کښینم او بیا به ته ما باندي

شرمیږي او دا اسمبلئی ممبران به هم ما باندي شرمیږی او بیا چي کومي خبري دی، هغه به هلته کوم، زه به بیا دي ته مجبور ووم جناب سپیکر صاحب۔ دلته مونږ فریاد راوړو، دلته مونږ تاسو ته ګیله راوړو، زمونږ خبره نه اوری، مونږ چرته لاړ شو، چاته اووایو، کوم ځائي ته لاړ شو؟ خلق راته وائی چي پیسي مو څه کړلي، بیالیس حلقه کښي جناب! ته تیس کروړ روپۍ تقسیموي، ولي زه اسرائیل یم، زه کفارو ملک نه راغلے یم، ګیس کوهیان، زما حلقه کښي دري کوهیان دی، جناب سپیکر صاحب! که زه د دغه صوبي نه ووم، حلقه تریالیس خلق د دغي صوبي او سیدونکی نه وی، زه به بیا خپلي حلقي ته لاړ شم، زه به ورته اووایم چه دغه حکومتونو کښي تاسو هیڅ حصه نشته۔ جناب سپیکر صاحب! بیا وایم چي زما په الله ذات باندي قسم وی چي زه به دغه ځائي کښي که زما وطن آباد نه وی ښه نو زه به تر ژوندہ پوري دلته کښینم۔

جناب سپیکر: عاطف خان! ان کی بات بہت Valid ہے، Kindly آپ اس پہ وہ کریں۔

جناب محمد عاطف خان: (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): جی۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ ما ته خو پوره Exactly detail پته نشته چي مسئله څه ده، فنانس منسټر شته نه نو که ښنګه وائی، که وائی چي کمیټئی ته لیږو نو کمیټئی ته یا که پینډنګ یا کمیټی ته وائی، چي ښنګه وائی اود کړی۔

جناب سپیکر: پریولج کمیٹی، میرے خیال میں مشتاق بھائی! میں اس سیچویشن سے تھوڑا باخبر ہوں، اچھا ہے کہ یہ پریولج کمیٹی میں چلا جائے، چونکہ میں اور نہیں کہہ سکتا لیکن مجھے اس سیچویشن کا علم ہے اور یہ ان کا حق بنتا ہے، اس کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے۔

وزیر تعلیم: ٹھیک ہے جی، ٹھیک ہے، ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے جی، تو

Is it the desire of the House that the motion be referred to privilege committee? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The motion is referred to the concerned Committee.

جناب سلطان محمد خان: سر، وہ میرا سوال جی۔

جناب سپیکر: وہ میں نے آپ کے ساتھ جو بات کی، میں سیکریٹریٹ کو کہتا ہوں کہ Immediate جو بھی Date ہے، اس کو ایجنڈے میں ڈالیں۔

جناب سلطان محمد خان: سر! تین تاریخ کو۔

جناب سپیکر: تین تاریخ کو ڈالیں اس کو، ٹھیک ہے۔

تحاریک التواء

Mr. Speaker: Mr. Sikander Hayat Khan, MPA, to please move his adjournment motion No. 128, in the House.

Mr. Sikander Hayat Khan: Thank you, Mr. Speaker. Sir, I would like to move, to discuss a matter of public importance regarding the feeling of discontentment prevalent amongst the officers of Provincial Management Services Group (a cutting of the newspaper report also is attached). This discontentment….

جناب سپیکر: میں ہاؤس سے تھوڑا ریکویسٹ کروں گا، یہ بہت اہم Topic ہے، عاطف خان! میں آپ سے ریکویسٹ کروں گا کہ آپ پورا وہ کرلیں اور میرے خیال میں اس پہ ڈیبیٹ کی ضرورت ہے کہ اس پر پراپر ڈیبیٹ ہو جائے۔

